Roll No. ....

Total No. of Questions : **13**] [*Total No. of Printed Pages* : **8**

A–143

B.A. (Part I) Examination, 2021

URDU

Paper–II

(Poetry and Rhetoric's)

Time : 1½ Hours] [*Maximum Marks : **100***

SECTION–A

Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہرسوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Answer any five questions out of eight (Answer limit 200 words). Each question carries 8 marks. **(Marks : 8 × 5 = 40)**

(حصہ-ب)

8 میں سے کن ہی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہرسوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Answer any two questions out of four (Answer limit 500 words). Each question carries 20 marks. **(Marks : 20 × 2 = 40)**

(حصہ-ج)

4 میں سے کن ہی 2 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہرسوال کے 20 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔ جواب 50 الفاظ سے زیادہ میں نہ ہو۔

(i) خواجہ حیدر علی آتش کی غزل گوئی کے دو امتیازی محاسن تحریر کیجیے۔

(ii) دبستان دہلی سے وابستہ دو غزل گو شاعروں کے نام لکھیے۔

(iii) غالب کا سنِ وفات اور جائے دفن تحریر کیجیے۔

(iv) عزیز لکھنوی کے دو شعری مجموعوں کے نام تحریر کیجیے۔

(v) فیض احمد فیض کے دو شعری مجموعوں کے نام بتائیے۔

(vi) نظیر اکبر آبادی کی دو نظموں کے عنوان لکھیے۔

(vii) خواجہ الطاف حسین حالی کی کسی مشہور نظم کا نام بتائیے۔

(viii) صنف شاعری کی دو کلاسیکل اقسام کے نام لکھیے۔

(ix) بال جبرئیل، ضرب کلیم اور بانگ درا کس شاعر کے شعری مجموعے ہیں؟

(x) اپنے نصاب میں شامل جوش ملیح آبادی کی دو نظموں کے نام لکھئے۔

SECTION–B

(حصہ-ب)

ہدایت: درج ذیل آٹھ (8) سوالوں میں سے کن ہی پانچ کے جواب 200 الفاظ میں تحریر کیجئے۔

2 میر کی غزلوں کے امتیازی محاسن بیان کیجئے۔

3 جوش ملیح آبادی کی نظم نگاری کی خوبیاں بیان کیجئے۔

4 صنف نظم کی تعریف اور اس کا آغاز و ارتقاء بیان کیجئے۔

5 اپنے نصاب میں شامل کسان نظم کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

6 مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تعریف مع مثال تحریر کیجئے۔

(الف) ایہام۔

(ب) تشبیہ۔

(ج) رباعی۔

(د) مبالغہ۔

7 مندرجہ ذیل اشعار میں سے صرف پانچ کی تشریح شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کیجئے۔

(i)

فراق یار میں مر مر کے آخر زندگانی کی
رہا صدمہ ہمیشہ روح و قالب کی جدائی کا

(ii)

تھا مستعار حسن سے اس کے جو نور تھا
خورشید میں بھی اس کا ہی ذرہ ظہور تھا

(iii)

ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کریں ہم کو عبث بدنام کیا

(iv)

خوشی سے اپنی رسوائی گوارا ہو نہیں سکتی
گریباں پھاڑتا ہے تنگ جب دیوانہ آتا ہے

(v)

دیکھ کر نظم دو عالم مجھے کہنا ہی پڑا
یہ سلیقہ ہے کسے انجمن آرائی کا

(vi)

ہو کے عاشق وہ پری رخ اور نازک بن گیا
رنگ کھلتا جائے ہے جتنا کہ اُڑتا جائے ہے

(vii)

دل سے مٹنا تری انگشت حنائی کا خیال
ہو گیا گوشت سے ناخن کا جدا ہو جانا

(viii)

سواد شہر خموشاں کا دیکھئے منظر
سنا نہ ہو جو خموشی کو گفتگو کرتے

(ix)

قفس اداس ہے یارو صبا سے کچھ تو کہو

کہیں تو بہر خدا آج ذکر یار چلے

(x)

پھر نظر میں پھول مہکے دل میں پھر شمعیں جلیں

پھر تصور نے لیا اس بزم میں جانے کا نام

8 مندرجہ ذیل بندوں میں سے کسی ایک کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجیے۔

(الف)

کیا ہند کا زنداں کانپ رہا ہے گونج رہی ہیں تکبیریں

اکتائے ہیں شاید کچھ قیدی اور توڑ رہے ہیں زنجیریں

دیواروں کے نیچے آ آ کر یوں جمع ہوئے ہیں زندانی

سینوں میں تلاطم بجلی کا آنکھوں میں جھلکتی شمشیریں

بھوکوں کی نظر میں بجلی ہے توپوں کے دہانے ٹھنڈے ہیں

تقدیر کے لب کو جنبش ہے دم توڑ رہی ہیں تدبیریں
آنکھوں میں گدا کی سرخی ہے بے نور ہے چہرہ سلطاں کا
تخریب نے پرچم کھولا ہے سجدے میں پڑی ہیں تعمیریں

(ب)

بندہ مزدور کو جاکر میرا پیغام دے
خضر کا پیغام کیا ہے یہ پیام کائنات
اے کہ تجھ کو کھا گیا سرمایہ دار حیلہ گر
شاخ آہو پر رہی صدیوں تلک تیری برات
دست دولت آفریں کو مزد یوں ملتی رہی
اہل ثروت جیسے دیتے ہیں غریبوں کو زکات
ساحر الموت نے تجھ کو دیا برگ حشیش
اور تو اے بے خبر سمجھا اسے شاخ نبات

9 اردو غزل کی صنفی خصوصیات بیان کیجئے۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جواب مطلوب ہیں۔ جواب 500 الفاظ سے زائد نہ ہو۔

10 مرزا اسداللہ خاں غالبؔ کی غزلوں کی خصوصیات مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

11 مولانا حالی کی نظم نگاری کا جائزہ مثالوں کے ساتھ پیش کیجیے۔

12 مرزا ہادی عزیزؔ لکھنوی کے شاعرانہ محاسن کا بیان ان کے کلام کی مثالوں کے ساتھ پیش کیجیے۔

13 فیض احمد فیض کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجیے۔